http://www.sgbauonline.com/



# B.A. (Part–II) Examination
# URDU
# (Modern Indian Language)
# Compulsory Languages

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

20 سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جوابات تحریر کیجئے :—

(۱) آبی آلودگی سے بچاؤ کے طریقے لکھیے۔

(۲) ماحول کے تحفظ کی ضرورت اور سرکاری اقدامات پر روشنی ڈالیے۔

(۳) مذہب کے بنیادی اصولوں کو بیان کیجئے۔

(۴) سچے مذہبی انسان کی سیاست کس طرح ہوگی؟ تحریر کیجئے۔

(۵) ذرائع ابلاغ کی اہمیت کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(۶) ابلاغ میں ریڈیو کی اہمیت کو واضح کیجئے۔

(۷) سرسید نے تعصب کو بدترین خصلت کیوں کہا ہے؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(۸) تعصب کے نقصانات تحریر کیجئے۔

18 سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف چھ اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے :—

(۱) دیکھے سے ان لبوں کے جسے عمر خضر ہے
پیاسا نہیں ہے چشمہ آبِ حیات کا

(۲) جس کوں مزا لگا ہے تیرے لب کی بات کا
ہرگز نہیں ہے ذوق اُسے پر نبات کا

(۳) عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

(۴) اُلٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

(۵) نکتہ چیں ہے، غم دل اُس کو سنائے نہ بنے
کیا بنے بات، جہاں بات بنائے نہ بنے

(۶) کھیل سمجھا ہے کہیں چھوڑ نہ دے بھول نہ جائے
کاش یوں بھی ہو کہ بن میرے ستائے نہ بنے



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

(۷) چل بھی دیے وہ چھین کے صبر و قرار دل
ہم سوچتے ہی رہ گئے ماجرا ہے کیا

(۸) مرے پیچھے یہ تو محال ہے کہ زمانہ گرم سفر نہ ہو
کہ نہیں مرا کوئی نقش پا جو چراغِ راہِ گزر نہ ہو

(۹) پس پا سکا نہ کبھی اس خلش سے چھٹکارا
وہ مجھ سے جیت بھی سکتا تھا جانے کیوں ہارا

(۱۰) وہ سانپ چھوڑ دے ڈسنا یہ میں بھی کہتا ہوں
مگر نہ چھوڑیں گے لوگ اس کو گر نہ پھنکارا

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جوابات تحریر کیجئے : 20

(۱) اردو نثر کا عہد زریں کسے اور کیوں کہتے ہیں؟

(۲) اردو نثر کے ارتقاء میں صوفیوں کی خدمات کو قلم بند کیجئے۔

(۳) سرسید احمد خاں کی ادبی خدمات کو اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

(۴) فورٹ ولیم کالج کی خدمات بیان کیجئے۔

(۵) فورٹ ولیم کالج میں کون سی اہم کتب لکھی گئیں؟ ان کی خصوصیات کیا ہیں؟

(۶) ''جون پور کا قاضی'' ایک تلمیحی محاورہ ہے۔ روشنی ڈالیے۔

(۷) اردو زبان کی ادبی تلمیحات کے ماخذ بیان کیجئے۔

(۸) ''شیخ چلّی'' اس تلمیحی محاورے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے تفصیلی جوابات دیجیے :— 20

(۱) افسانہ ''لال باغ'' کا خلاصہ لکھیے۔

(۲) ''کملاکر'' کا کردار تفصیل سے بیان کیجئے۔

(۳) افسانہ ''برکت ایک چھینک کی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(۴) روضۃ الکبریٰ کی ابتداء اور اس کے عروج پر مصنف کے تاثرات لکھیے۔

سوال نمبر۵۔ (الف) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے :— 12

۱۔ پسندیدہ ادیب

۲۔ مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی

۳۔ موبائل کے فوائد اور نقصانات

(ب) بجلی کی بار بار کٹوتی کے خلاف الکٹرک بورڈ آفیسر کے نام شکایتی خط تحریر کیجئے۔ 10

**یا**

پوسٹ آفس میں کلرک کی جگہ خالی ہے۔ پوسٹ ماسٹر کے نام اس عہدہ کے لیے درخواست لکھیے۔



http://www.sgbauonline.com/